**Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar**

Date : 31 May 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آ کاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۳۱ مئی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ نئی لوک سبھا کے قیام کے نوٹِفکیشن کے جاری ہونے تک ضابطہ اخلاق قائم

☆ لوک سبھا انتخابات کی تشہیر ختم ' آخری مرحلہ کے لیے کل ووٹنگ

☆ کانگریس پارٹی کے خشک سالی دورہ کا آج سے چھترپتی سنبھاجی نگر سے آغاز

☆ جنسی ہراسانی معاملہ میں جنتا دل سیکولر کے رکن پارلیمنٹ پرجول ریوونا گرفتار

اور

☆ جنوب مغربی مانسون کیرلہ میں داخل ' اگلے اقدام کے لیے ماحول سازگار

اب خبریں تفصیل سے...

نئی لوک سبھا قائم ہونے کے نوٹِفکیشن جاری ہونے تک ضابطہ اخلاق نافذ رہنے کی اطلاع چیف الیکشن کمیشن دفتر نے دی ہے۔ ضابطہ اخلاق ختم ہونے کی خبریں کچھ ذرائع سے نشر ہونے کے ضمن میں کمیشن نے یہ واضح کیا۔ انتہائی لازمی معاملات میں ضابطہ اخلاق میں چھوٹ دینے سے متعلق کمیشن کو سفارش کرنے کے لیے چیف سیکریٹری کی صدارت میں تفتیشی کمیٹی کا قیام کیا گیا ہے۔ مذکورہ کمیٹی کے سفارش کردہ 59 ' تجاویز پر کمیشن کے فیصلہ لینے کی اطلاع ہے۔

دریں اثناء ودھان پریشد کی 4 نشستوں کے ضمن میں ناسک اور کونکن ڈویژن میں ضابطہ اخلاق نافذ ہو چکا ہے۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلہ کی تشہیری مہم ختم ہو چکی ہے۔ اِس مرحلہ میں 7/ ریاستیں اور ایک مرکز کے زیرِ انتظام علاقہ کی 57/ نشستوں کے لیے کل ایک تاریخ کو رائے دہی ہوگی۔ اِن میں پنجاب اور اُتر پردیش کی فی کس 13/ مغربی بنگال 9/ بہار 8/ اوڈیشہ 6/ ہماچل پردیش 4/ جھارکھنڈ 3/ اور چنڈی گڑھ کی ایک نشست شامل ہیں۔

دریں اثناء لوک سبھا انتخابات کے تمام مراحل کے ووٹوں کی گنتی آئندہ 4/ جون کو ہوگی۔ آندھرا پردیش اور اوڈیشہ کی ودھان سبھا کی اور ملک بھر کی مختلف ریاستوں کے ضمنی انتخابات کی نشستوں کے ووٹوں کی گنتی 2/ جون کو ہوگی۔

***** ***** *****

دریں اثناء انتخابات کے فیصد میں ہوئے اضافہ سے متعلق افواہوں کی الیکشن کمیشن نے تردید کی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کے اندراج والے فارم 17/ سی کی نقل امیدواروں اور اُن کے نمائندوں کو دی جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے کوئی بھی فیصد میں اضافہ نہیں کرسکتا ہے۔ الیکشن اور ای وی ایم سے متعلق تمام معلومات الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر اپ ڈیٹ کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے مختلف محکموں کی 524/ خالی جگہیں بھرنے کے لیے مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کی جانب سے لیے جانے والے مہاراشٹر سول سروسیز گزیٹیڈ جوائنٹ پری لیمس امتحان 2024ء آئندہ 21/ جولائی کو منعقد ہوگا۔ کمیشن نے کل اپنے جاری کردہ اعلامیہ میں یہ اطلاع دی۔ یہ امتحان آئندہ 6/ جولائی کو ہونے والا تھا لیکن ریاستی حکومت کے حکم کے مطابق اوپن اور معاشی اعتبار سے پسماندہ زمرے کے عرض گذاروں کو دیگر پسماندہ طبقات کے سرٹفکیٹس ملنے کی وجہ سے اِن زمرے سے نئے سرے سے درخواست کرنے کا موقع دیا گیا ہے۔ پہلے اوپن زمرے سے ہونے کی وجہ سے جو امیدوار عمر کی قید کی وجہ سے نا اہل تھے۔ اب وہ بطور او بی سی امیدوار و آئندہ 7/ جون تک درخواست دے سکتے ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کی جانب سے فروری مارچ میں منعقدہ بارہویں جماعت کے نتیجے اور دیگر متعلقہ صداقت ناموں کی تقسیم آئندہ پیر کو ہوگی۔ دوپہر 3 / بجے طلباء کو کالج کے ذریعہ تمام صداقت نامے تقسیم کیے جائیں گے۔ اِس کے لیے ریاستی بورڈ کی سیکریٹری انورادھا اوک نے سرکولر جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

طلباء کے قومی دستے این سی سی کے مہاراشٹر کے ڈائریکٹوریٹ کو ملک میں بہترین ڈائریکٹوریٹ قرار دیے جانے کے ضمن میں گورنر رمیش بئیس کے ہاتھوں کل اِس ڈائریکٹوریٹ کو گورنر کا توصیف نامہ تفویض کیا گیا۔ گورنر نے کہا کہ این سی سی میں طلباء کو حب الوطنی اصول اور سماجی خدمات سکھائے جاتے ہیں۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے ریاستی خشک سالی دورہ کی شروعات آج سے چھترپتی سنبھاجی نگر سے ہو رہی ہے۔ دریں اثناء اِس دورہ کے ضمن میں ودھان سبھا کے قائد حزب اختلاف وجئے وڈیٹی وار نے کل چھترپتی سنبھاجی نگر میں جائزاتی میٹنگ لی۔ اِس موقع پر انھوں نے نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے خشک سالی کی شدید صورتحال کے پیشِ نظر حکومت پر تنقید کی اور مطالبہ کیا کہ جانوروں کو چارا فراہم کیا جائے۔ کسانوں کو قرض سے آزاد کیا جائے، بینکوں کی جانب سے جاری وصولی بند کی جائے اور کسانوں کو مفت بجلی، بیج اور کھاد فراہم کیے جائیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر تعلقہ کے پمپل کھنٹا گاؤں کے کسان وِٹھل دابھاڑے نے جو 52 / برس کے تھے۔ کھیت کے درخت سے پھانسی لے کر خودکشی کر لی۔ وڈیٹی وار نے کہا کہ یہ معاملہ سنگین ہے اور حکومت اِس کسان کے خاندان کو انصاف دلانے اور خودکشی روکنے کے لیے اقدامات کریں۔

وڈیٹی وار نے کل جالنہ ضلعے میں بھی خشک سالی کا دورہ کیا۔ انھوں نے الزام عائد کیا کہ گزشتہ ہنگام کے فصل بیمہ کی رقم اب تک نہیں ملی ہے اور حکومت ان حالات سے غافل ہے۔

***** ***** *****

جنسی ہراسانی معاملے میں جنتا دل سیکولر کے رکن پارلیمنٹ پرجول ریونا کو آج علی الصبح بینگلورو ایئرپورٹ سے گرفتار کرلیا گیا۔ ریونا کے بھارت لوٹنے کی خبر انٹرپورل کے ذریعے ملنے کے بعد کرناٹک پولس کے خصوصی تفتیشی دستے نے انھیں گرفتار کیا۔

***** ***** *****

قومی تمباکو مخالف دن آج منایا جارہا ہے۔ چھترپتی سنبھاجی نگر کے سول سرجن ڈاکٹر دیا ندموتی پوڑ نے اپیل کی ہے کہ تمباکو کھانے والے تمباکو نہ کھانے کا عہد کریں۔

***** ***** *****

جنوب مغربی مانسون کل کیرلا میں داخل ہوگیا۔ اور اُس کے شمال مشرق بھارت کے اکثر حصوں میں داخل ہونے کے امکانات محکمہ موسمیات نے ظاہر کیے ہیں۔ اِس بار مانسون اپنے ہمیشہ کے وقت ایک جون سے 2/دن پہلے ہی داخل ہوگیا ہے۔ آئندہ 2/ تا 3/ دنوں میں کرناٹک ، تمل ناڈو اور پدوچری سمیت جنوبی بھارت کے بقیہ حصوں میں مانسون کی آمد کے لیے حالات سازگار ہیں اور مغربی بنگال اور سکم کے پہاڑی علاقوں سمیت شمال مشرقی بھارت کے تمام حصوں میں پہنچنے کی امید ہے۔ محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل مرتیونجئے موہ پاترا نے کہا کہ ملک کے شمال مغربی علاقوں میں گزشتہ روز سے گرمی کی شدید لہر میں کمی آنا شروع ہوگئی ہے۔ اِسی طرح مغرب کی جانب سے زوردار ہواؤں کی وجہ سے ان مقامات میں آئندہ 2/جون تک طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

دھاراشیوضلع کے ایک ہزار ایک سو پانی کے نمونے کی ضلعی کیمیکل لیباریٹری نے جانچ کی جن میں 234؍ پانی کے نمونے ناقص پائے گئے ہیں۔یہ 21؍فیصد ہونے کا نتیجہ ضلعی کیمیکل لیباریٹری نے دیا ہے۔جبکہ ضلع کی 622؍گرام پنچایتوں میں 196؍گرام پنچایتوں کا پانی ناقص پایا گیا ہے ۔اُن گرام پنچایتوں کوضلعی صحت انتظامیہ نے پیلے کارڈ دیے ہیں اور عوام کو پانی سے متعلق آگاہ کیا ہے۔

***** ***** *****

لاتورمیونسپل کارپوریشن نے املاک ٹیکس کے بقایہ جات کی ادائیگی نہ کرنے والی چھ دکانوں کوکل سیل کردیا۔ساتھ ہی کارروائی کے دوران ایک ہی دن میں 5؍لاکھ روپئے کا ٹیکس بھی وصول کیا۔تجارتی کامپلیکس کے جن دکان مالکان پر املاک ٹیکس کے بقایہ جات واجب الادا ہیں وہ فی الفور اپنے بقایہ جات کی ادائیگی کریں‘ بصورت دیگر اُن پر کارروائی کرنے کا انتباہ ڈپٹی میونسپل کمشنر ڈاکٹر پنجاب کھانسوڑے نے دیا ہے۔

***** ***** *****

سابق وزیر مدھوکرراؤ چوہان نے دھاراشیوضلع میں گزشتہ 24؍تا26؍مئی کے دوران طوفانی ہواؤں کے ساتھ ہوئی غیرموسمی بارش کے سبب ہونے والے نقصانات کے فی الفور پنچ نامے کر کے متاثرہ کاشتکاروں کو معاوضہ فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وہ کل دھاراشیوضلع کے سانگوی ‘ کامے گاؤں ‘ داؤپور ‘ بھنڈارواڑی علاقوں کا معائنہ کرنے کے بعد بول رہے تھے۔انھوں نے حکومت سے ضابطوں کو بازورکھ کرمتاثرین کی مدد کرنے پرزوردیا۔

***** ***** *****

دھاراشیوتعلقے کے ایک پولس پاٹل کے تجدید کے معاملے میں پولس انسپکٹر ناگرگوجے کی جانب سے داخل کردہ مقدمہ غیرقانونی ہےلہذا متعلقہ پولس انسپکٹر اور اُن کے معاونین پرانتظامی کارروائی کر کے اِس کی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات ضلع کلکٹر ڈاکٹرسچن اومباسے نےضلع پولس سپرنٹنڈنٹ کودیے ہیں۔اِس معاملے میں بغیرتحقیقات منڈل افسران اور تلاٹھی پرکی گئی کارروائی کے خلاف کل مسلسل دوسرے دن محصول ملازمین نے کام بند احتجاج کیا۔جس کے سبب ضلعے میں محکمہ محصول کا کام کاج متاثر رہا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں پارلیمانی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کی تیاریاں کل مکمل کر لی گئی ہیں۔ ضلع کلکٹر اور انتخابی فیصلہ افسر ڈاکٹر شری کرشن پانچارڑ نے رائے شماری کے عمل میں حصہ لینے والے تمام افسران وملازمین سے انتخابی کمیشن کی ہدایات کے مطابق ذمہ داری اور دیانتداری سے اپنے فرائض ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ نئی لوک سبھا کے قیام تک نوٹِفکیشن کے جاری ہونے تک ضابطہ اخلاق قائم

☆ لوک سبھا انتخابات کی تشہیر ختم ' آخری مرحلہ کے لیے کل ووٹنگ

☆ کانگریس پارٹی کے خشک سالی دورہ کا آج سے چھترپتی سنبھاجی نگر سے آغاز

☆ جنسی ہراسانی معاملہ میں جنتا دل سیکولر کے رکن پارلیمنٹ پرجول ریوونا گرفتار

اور

☆ جنوب مغربی مانسون کیرلہ میں داخل ' اگلے اقدام کے لیے ماحول سازگار

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆